[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961*

WHEREAS it is expedient further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961 (XXXV of 1961), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act shall be called the Pakistan Navy (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Insertion of new section 1A, Ordinance XXXV of 1961.**- In the Pakistan Navy Ordinance, 1961 (Ordinance XXXV of 1961), hereinafter called as the said Ordinance, after section 1, the following new section shall be inserted, namely:-

"1A. **Raising and maintaining the Navy.**- (1) Subject to the provisions of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President shall raise and maintain the Pakistan Navy and its reserves in accordance with the provisions of this Ordinance, the rules, regulations and instructions made and issued thereunder.

(2) Subject to the provisions of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the control and command of the Navy shall rest with the Federal Government and its administration shall vest in the Chief of the Naval Staff.

(3) Subject to the provisions of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President shall grant commission in the Pakistan Navy in accordance with the provisions of this Ordinance, and the rules, regulations and instructions made and issued thereunder.

(4) Personnel of the Pakistan Navy shall in the prescribed manner consist of such officers, sailors and other staff members by whatever designation called for.

(5) The selection, recruitment, qualifications, salary, allowances, discipline, training, administration and other terms and conditions of service in respect of personnel of the Pakistan Navy under sub-section (4) shall be such as may be prescribed".

3. **Amendment of section 2, Ordinance XXXV of 1961.**- In the said Ordinance, in section 2, in sub-section (2),-

(a) in clause (a), in sub clause (ii), after the word "ships" the words "or aircrafts" shall be inserted; and

(b) in clause (b), after the word "ships" the words "or aircrafts" shall be inserted.

4. **Amendment in section 4, Ordinance XXXV of 1961.**- In the said Ordinance, in section 4,-

(a) after clause (i), the following new clauses shall be inserted, namely:-

"(ia) "**affiliated entities**" mean entities affiliated with or controlled by the Pakistan Navy, including but not limited to statutory bodies, trusts, foundations, organizations, and other entities as approved by the Federal Government;

(ib) "**aircraft**" includes aeroplanes, balloons, kite balloons, airships, gliders or other machines for flying;"

(ic) "**aircraft material**" includes any engines, fittings, guns, gear, instruments or apparatus for use in connection with aircraft, and any of its components and accessories and petrol, oil and any other substance used for providing motive power for aircraft and lubricating oil;"

5. **Insertion of new section 8A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 8, the following new section shall be inserted, namely:-

"**8A. Discipline of master of merchant vessel under convoy.-** (1) Every master or other person for the time being in command of any merchant or other vessel comprised in a convoy under the command of an officer of the Pakistan Navy shall obey, in all matters relating to the navigation or security of the convoy, any directions which may be given by such officer, and shall take such precautions for avoiding the enemy as may be required by any such direction.

(2) If the directions under sub-section (1) are not obeyed, such officer or any person acting under his orders may compel obedience by force of arms without being liable for any injury or loss of life or any danger to or loss of property resulting therefrom".

6. **Substitution of section 10, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, for section 10, the following shall be substituted, namely:-

"**10. Ineligibility for commissioning or attestation.-** A person who is not a citizen of Pakistan or a dual national or under the age of eighteen years shall not be granted commission or attestation in the Pakistan Navy".

7. **Amendment of section 17, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 17, in sub-section (1), after the word "release", the words "or retain" shall be inserted.

8. **Insertion of new section 17A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 17, amended as aforesaid, the following new section shall be inserted, namely:-

"**17A. Retirement, resignation, release, discharge or retention.-** The appropriate authorities may, as may be prescribed in this behalf, retire, release, accept or reject resignation of, or discharge from the service, any person subject to this Ordinance:

Provided that owing to exigencies, extraordinary circumstances, or if war is imminent or existing, the Federal Government may retain compulsorily in service upto sixty years of age any person with the recommendations of the Chief of the Naval Staff

and as prescribed in this Ordinance or the rules, regulations or instructions made and issued thereunder."

9. **Insertion of new section 38A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 38, the following new section shall be inserted, namely:-

"**38A. Ill-treating a subordinate.-** Any officer, chief petty officer or petty officer, who uses criminal force to or otherwise ill-treats any person subject to this Ordinance, being his subordinate in rank or seniority, shall be liable in the prescribed manner to suffer short imprisonment."

10. **Insertion of new section 55A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 55, the following new section shall be inserted, namely:-

"**55A. Offences by officers in charge of convoy.-** (1) All officers appointed for the convoy and protection of any ships or vessels shall diligently perform their duty without delay according to their instructions in that behalf.

(2) Every such officer subject to this Ordinance, who -

(a) does not defend the ships and goods under his convoy without deviation to any other objects; or

(b) refuses to fight in their defence if they are assailed; or

(c) cowardly abandons and exposes the ship in his convoy to hazard; or

(d) demands or extracts any money or other reward from any merchant or master for convoying any ships or vessels entrusted to his care; or

(e) misuses the masters and mariners thereof,

shall be punished with death or long imprisonment, and shall also make such reparation in damages to the merchants, owners and others as a civil court of competent jurisdiction may adjudge."

11. **Insertion of new section 63A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 63, the following new section shall be inserted, namely:-

"**63A. Extortion and corruption.-** Any person subject to this Ordinance who directly or indirectly accepts or obtains, or agrees to accept, or attempts to obtain, from any person for himself or any other person, any gratification whatsoever other than a legal remuneration, as a motive or reward for doing or forbearing to do any act, or for showing favour or disfavour to any person, in relation to any of the affairs of the state or of any service affairs, shall be liable to suffer long imprisonment."

12. **Insertion of new sections 66A and 66B, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 66, the following new sections, shall be inserted, namely:-

"**66A. Unauthorized disclosure**.- (1) If any person, who is or has been subject to this Ordinance, discloses or causes to be disclosed any information, acquired in official capacity, which is or may be prejudicial to the security and interest of Pakistan or the armed forces of Pakistan, shall be guilty of an offence, and on conviction by the court constituted under

this Ordinance, be punished with rigorous imprisonment for a term which may extend to five years.

(2) Any disclosure made after seeking prior approval from the Chief of the Naval Staff, or any officer duly empowered by him, in the manner prescribed, shall not be deemed as unauthorized disclosure under sub-section (1).

(3) The information disclosed in contravention of sub-section (1), if prejudicial to the security and interest of Pakistan or the armed forces of Pakistan, shall be dealt with under section 78 of this Ordinance, read with the Official Secrets Act, 1923 (XIX of 1923).

"66B. **Political activity**.- (1) Any person, who is or has been subject to this Ordinance, shall not engage in political activity of any kind within a period of two years from the date of his retirement, release, resignation, discharge, removal or dismissal from the service.

(2) Whoever violates sub-section (1) of this section shall, on conviction by the court constituted under this Ordinance, be punished with rigorous imprisonment for a term, which may extend to two years".

**13. Insertion of new section 69A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 69, the following new section shall be inserted, namely:-

"**69A. Fraudulent enrolment.-** Any person subject to this Ordinance who commits any of the following offences, that is to say,-

(a) without having obtained a regular discharge from the navy or otherwise fulfilled the conditions enabling him to enroll or enter, enrolls himself in, or enters the said force or any part of the military or air forces of Pakistan; or

(b) is concerned in the enrolment in any part of the forces of any person, when he knows or has reason to believe such person to be so circumstanced that by enrolling,

he commits an offence against this Ordinance and shall be liable to suffer short imprisonment".

**14. Insertion of new sections 75A and 75B, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 75, the following new sections shall be inserted, namely:-

"**75A. Electronic crimes.-** A person who is or has been subject to this Ordinance commits an offence under the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 (Act XL of 2016) or relevant electronic, digital, social media laws, with the malafide intention to undermine, ridicule or scandalize the armed forces of Pakistan, may be proceeded under this Ordinance and on conviction by a court constituted under this Ordinance, shall be punished in prescribed manner with the same punishments as provided for in the said Act XL of 2016 or such other laws, as the case may be."

"**75B. Defamation.-** A person who is or has been subject to this Ordinance intentionally ridicules, scandalizes, brings into hatred or otherwise attempts to lower the armed forces of Pakistan or any part thereof in the estimation of others shall, on conviction by a court constituted under this

Ordinance, in the prescribed manner, be punished with imprisonment which may extend to two years or fine or with both."

**15. Amendment of section 82, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 82, in clause (f), for the words "criminal court", the words "court of competent jurisdiction", shall be substituted.

**16. Insertion of new section 94A, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after section 94, the following new section shall be inserted, namely:-

"**94A. Inquiry into illegal absence or any other matter.-** A board of inquiry may be assembled in prescribed manner to inquire into illegal absence or any matter which may be referred to it".

**17. Amendment of section 95, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 95, in sub-section (1), in clause (c), for the word "summary", the word "field" shall be substituted.

**18. Amendment of section 98, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 98, in sub-sections (1) and (2), for the word "summary", wherever occurring, the word "field" shall be substituted.

**19. Amendment of section 99, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 99, in sub-section (1), in clause (c), for the word "summary", the word "field" shall be substituted.

**20. Amendment of section 101, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 101,-

(a) in sub-section (1), for the words "president or the judge advocate" shall be omitted and the word "not" after the word "shall" be added,

(b) in sub-section (2), the words "other than the president," shall be omitted.

**21. Amendment of section 103, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 103, in sub-section (1), after the word "lieutenant", the word "commander" shall be inserted.

**22. Amendment of section 105, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 105,-

(a) in sub-section (2), after the expression "section 63", the expression "or section 78" shall be inserted; and

(b) after sub-section (4), the following new sub-section shall be added, namely:-

"(5) Notwithstanding anything contained in sub-section (3), in computing the said period of three years, any time shall be excluded during which

(a) the commission of offence was not known to the person aggrieved by the offence or to the authority competent to initiate action,

(b) it was not known by whom the offence was committed:

Provided that where the institution of the prosecution in respect of an offence has been stayed by an injunction or order of any court, the period of continuance of the injunction or order shall be excluded.

**23. Amendment of section 108, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 108, in sub-section (1), for full stop at the end, a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added, namely:-

"Provided that, where the finding and sentence of court martial has not been confirmed, the confirming authority may order a retrial of such person."

**24. Insertion of new section 153A, Ordinance XXXV of 1961.-**In the said Ordinance, after section 153, the following new section shall be inserted, namely:-

**"153A. Period of detention to be considered while awarding sentence of imprisonment.-** Where a naval tribunal decides to pass a sentence of imprisonment on an accused for an offence, it shall take into consideration the period, if any, during which such accused was detained in custody for such offence".

**25. Insertion of sections 176A, 176B and 176C, Ordinance XXXV of 1961.-**In the said Ordinance, after section 176, the following new sections shall be inserted, namely:-

**176A. Military, civil awards and decorations.-** The Federal Government may confer combat, non-combat, meritorious service awards, or any other awards or decorations, on serving personnel, war wounded personnel or families of Shuhada, for outstanding contributions and performance, participation or specific achievements.

**176B. Service awards.-** The Pakistan Navy may, in the prescribed manner, confer service awards on serving personnel, war wounded personnel, families of Shuhada on the basis of performance, participation, rank specific achievements or otherwise:

Provided that all such activities already undertaken shall always be deemed to have been validly done under this Ordinance.

**176C. National development.-** The Pakistan Navy may, upon direction or with the concurrence of relevant authorities of the appropriate government in the prescribed manner, directly or indirectly, carry out activities related to, inter alia, national development and advancement of national or strategic interest:

Provided that all such activities already undertaken shall be deemed to be and always to have been validly done under this Ordinance.

Explanation.- "appropriate government" means the Federal Government or Provincial Government as the case may be".

**26. Amendment of section 177, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, in section 177, in sub-section (2), in clause (a), after the word "extension," the expression "retention," shall be inserted and after the expression "release," the expression "resignation," shall be inserted.

**27. Insertion of new sections 178A, 178B and 178C, Ordinance XXXV of 1961.-**In the said Ordinance, after section 178, the following new sections shall be inserted, namely:-

**178A. Power to issue instructions.-** The Chief of the Naval Staff may, from time to time, make and issue instructions for carrying into effect the provisions of this Ordinance and the rules and regulations made thereunder:

Provided that all such instructions already made and issued shall always be deemed to have been validly made and issued under this Ordinance.

**178B. Validation.-** On commencement of the Pakistan Navy (Amendment) Act, 2024 and notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force all rules, regulations, instructions and orders issued and actions taken in purported exercise thereof, from time to time, shall always be deemed to have been validly issued, made, taken or done under this Ordinance and shall not be called in question in any court or tribunal on any ground whatsoever.

**178C. Overriding effect.-**The provisions of this Ordinance shall have effect notwithstanding anything inconsistent therewith contained in any other law, rules or regulations for the time being in force and such law, rules or regulations shall, to the extent of any inconsistency, cease to have effect".

**28. Insertion of new chapter XIX, Ordinance XXXV of 1961.-** In the said Ordinance, after Chapter XVIII, the following new chapter XIX with sections 187 and 188 shall be inserted, namely:-

**"CHAPTER XIX**

**WELFARE AND REHABILITATION**

"**187. Welfare and rehabilitation.-**The Pakistan Navy may, in the manner as may be prescribed, carry out activities for the purpose of welfare and rehabilitation of serving, retired or wounded personnel or such others as well as families of Shuhada:

Provided that all such activities already undertaken shall always be deemed to have been validly done under this Ordinance.

**188. Welfare through affiliated entities.-** The Pakistan Navy may, in the manner as may be prescribed, through its affiliated entities, carry out activities that relate to or generate proceeds for, inter alia, welfare and rehabilitation of serving and retired personnel of Pakistan Navy, wounded personnel, as well as families of Shuhada:

Provided that all such activities already undertaken shall always be deemed to have been validly undertaken under this Ordinance".

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

This Bill seeks to amend provisions of the Pakistan Navy Ordinance, 1961 so as to provide the structural underpinnings of raising and maintaining the Navy, including inter alia, the power to grant commission, determine terms and conditions of service, carryout welfare activities, national development tasks and other operational and institutional matters. Maintaining discipline and guarding information of sensitive nature by serving and retired naval personnel. Introducing amendments in substantive and procedure for smooth working of the PN Ordinance. The welfare and rehabilitation of serving and retired naval officials, wounded personnel as well as families of Shuhada is an important element for morale boosting of soldiers and their families. Welfare and rehabilitation aspects of soldiers, their families and Shuhada have a mention in Navy Regulations. It is meant to comply the observations of the superior courts in their various judgements that any function or policy is to flow from parent law of the Armed forces i.e. PN Ordinance, 1961 in this case.

This Bill is drafted to achieve the aforesaid objects.

**(Khawaja Muhammad Asif)**
Federal Minister of Defence

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# پاکستان نیوی آرڈیننس، 1961 میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان نیوی آرڈیننس 1961 (35 مجریہ 1961) میں بعدازیں رونماء ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

1۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔ (1) یہ ایکٹ پاکستان نیوی (ترمیمی) ایکٹ، 2024 کے نام سے موسوم ہوگا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعہ 1 الف کی شمولیت:۔ پاکستان نیوی آرڈیننس، 1961 (آرڈیننس 35 مجریہ 1961) میں، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ آرڈیننس کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ 1 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"1 الف۔ نیوی کا ارتقاع اور دیکھ بھال:۔ (1) اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے احکامات کے تابع، صدر مملکت اس آرڈیننس اور اس کے تحت وضع کردہ اور جاری کردہ قواعد، ضوابط اور ہدایات کے احکامات کی مطابقت میں پاکستان نیوی اور اس کے ریزرو کو بڑھا سکے گا اور برقرار رکھ سکے گا۔

(2) اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے احکامات کے تابع، نیوی کا کنٹرول اور کمانڈ وفاقی حکومت کے پاس ہوگی اور اس کا انتظام چیف آف نیول سٹاف کو تفویض ہوگا۔

(3) اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے احکامات کے تابع، صدر مملکت اس آرڈیننس اور اس کے تحت وضع کردہ اور جاری کردہ قواعد، ضوابط اور ہدایات کے تابع پاکستان نیوی میں کمیشن عطاء کر سکے گا۔

(4) پاکستان نیوی کا عملہ صراحت کردہ طریقہ کار میں ایسے افسران، سیلرز اور دیگر اسٹاف کے ارکان پر مشتمل ہوگا جو کسی بھی عہدے سے موسوم ہوں گے۔

(5) ذیلی دفعہ (4) کے تحت پاکستان نیوی کے عملے کی سلیکشن، بھرتی، اہلیت، تنخواہ، الاؤنسز، ڈسپلن، تربیت، انصرام اور ملازمت کی دیگر قیود و شرائط ایسی ہوں گی جیسا کہ صراحت کیا جا سکتا ہے؛

3- آرڈیننس 35 مجریہ 1961، کی دفعہ 2 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 2 کی، ذیلی دفعہ (2) میں،۔۔

(الف) شق (الف) کی، ذیلی شق (دوم) میں لفظ "بحری جہازوں" کے بعد الفاظ "یا ہوائی جہازوں کو شامل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) شق (ب) میں، لفظ "بحری جہازوں" کے بعد الفاظ "یا ہوائی جہازوں" کو شامل کر دیا جائے گا۔

4- آرڈیننس 35 مجریہ 1961، کی دفعہ 4 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 4 میں،۔۔

(الف) شق (اول) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(اول الف) "ملحقہ ہیئتیں" سے مراد پاکستان نیوی سے ملحقہ یا کنٹرول کردہ ہیئتیں، جن میں آئینی ادارے، ٹرسٹس، فاؤنڈیشنز، آرگنائزیشنز اور دیگر ہیئتیں جنہیں وفاقی حکومت منظور کرے، شامل ہیں مگر ان تک محدود نہیں ہیں؛

(اول ب) "طیارہ" میں ہوائی جہاز، غبارے، پتنگ غبارے، ائیر شپ، گلائیڈرز یا دیگر اڑنے والی مشینیں شامل ہیں؛"

(اول ج) "طیارے کا میٹریل" میں کوئی بھی انجن، فٹنگز، گنز، گیئرز، آلات یا اوزار جو کہ طیارے کی بابت استعمال ہوتے ہوں، اور اس کے کوئی بھی اجزاء اور لوازمات، پیٹرول، تیل اور کوئی بھی دیگر شئے جو کہ طیارے کو طاقت فراہم کرتی ہو اور چکنا تیل شامل ہے؛

5- ایکٹ 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعہ 8 الف کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 8 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"8 الف۔ قافلے کے تحت تجارتی بڑی کشتی کے ماسٹر کا ڈسپلن:۔ (1) پاکستان نیوی کے افسر کے کمانڈ کے تحت کسی تجارتی یا دیگر بڑی کشتی پر مشتمل قافلہ کا ایک ماسٹر یا دیگر شخص جو فی الوقت کمانڈ کر رہا ہو، قافلے کے تحفظ یا نیویگیشن کی نسبت تمام معاملات میں، کسی بھی ہدایات، جو متعلقہ افسر دے سکتا ہے، کی تعمیل کرے گا، اور دشمن سے بچاؤ کے لیے ایسی تمام احتیاطی تدابیر اٹھائے گا جیسا کہ اس ہدایت میں مطلوب ہو سکتی ہیں۔

(2) اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت دی گئی ہدایت کی تعمیل نہ کی گئی ہو تو، متعلقہ افسر یا اس کے احکامات کے

تابع کام کرنے والا کوئی بھی شخص اسلحہ کی طاقت سے کسی بھی ضرر یا نقصان یا اس کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی خطرے یا ملکیتی نقصان کا ذمہ دار ہوئے بغیر، اسے تعمیل کے لیے مجبور کر سکتا ہے۔"۔

6- آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 10 کی تبدیلی:- مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 10 کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:-

"10- فوجی خدمت یا فوج میں کمیشن حاصل کرنے کے لیے نااہلیت:- ایک شخص جو پاکستان کا شہری نہ ہو یا دوہری شہریت کا حامل ہو یا اٹھارہ سال سے کم عمر کا ہو کو پاکستان نیوی میں خدمت کرنے کے لیے یا کمیشن عطا نہ کیا جائے گا۔"

7- آرڈیننس 35 مجریہ 1961، کی دفعہ 17 کی ترمیم:- مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 17 میں، ذیلی دفعہ (1) میں، لفظ "سبکدوشی" کے بعد الفاظ "یا برقراری" کو شامل کر دیا جائے گا۔

8- آرڈیننس 35 مجریہ 1961، میں دفعہ 17 الف کی شمولیت:- مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 17 کے بعد، جیسا کہ مذکورہ بالا طور پر ترمیم کی گئی ہے، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:-

"17 الف- ریٹائرمنٹ، استعفیٰ، سبکدوشی، برخاست یا برقراری:- موزوں اتھارٹیز، جیسا کہ اس سلسلے میں صراحت کی جاسکتی ہے، اس آرڈیننس کے تحت کسی بھی شخص کو، ریٹائر، سبکدوش کر سکتی ہے اس کا استعفیٰ قبول یا مسترد کر سکتی ہے یا اسے ملازمت سے برخاست کر سکتی ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ اشد ضرورت، غیر معمولی حالات کی وجہ سے، یا اگر جنگ قریب الوقوع ہو یا ہو رہی ہو، تو وفاقی حکومت ساٹھ سال کی عمر تک کسی بھی شخص کو، چیف آف نیول اسٹاف کی سفارشات پر اور جیسا کہ اس آرڈیننس میں یا اس کے تحت وضع کردہ اور جاری کردہ قواعد وضوابط یا ہدایات میں صراحت کیا گیا ہے، کو لازمی سروس پر برقرار رکھ سکتی ہے۔"

9- آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعہ 38 الف کی شمولیت:- مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 38 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:-

"38 الف- ماتحت کے ساتھ برا سلوک کرنا:- کوئی بھی افسر، چیف پیٹی افسر یا پیٹی افسر، جو اس آرڈیننس کے تابع کسی بھی شخص کے ساتھ، اس کے درجے یا سینارٹی میں ماتحت ہونے کے ناطے، مجرمانہ طاقت کا استعمال کرتا ہے تو یا بصورت دیگر برا سلوک کرتا ہے، مقررہ طریقہ کار میں مختصر قید بھگتنے کا مستوجب ہوگا۔"

10- آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں نئی دفعہ 55 الف کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 55 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"55 الف۔ قافلے کے انچارج افسران کی جانب سے جرائم:۔ (1) قافلے اور کسی بھی بحری جہاز یا بڑی کشتیوں کے تحفظ کے لیے مقرر کردہ تمام افسران اس سلسلے میں ان ہدایات کے مطابق بغیر کسی تاخیر کے اپنی ڈیوٹی پوری تندہی سے انجام دیں گے۔

(2) اس آرڈیننس کے تابع ہر ایسا افسر، جو۔۔

(الف) اپنے قافلے میں کسی بھی دیگر چیزوں سے انحراف کیے بغیر بحری جہازوں اور اشیاء کا دفاع نہیں کرتا؛ یا

(ب) اگر ان پر حملہ کیا جاتا ہے تو وہ اپنے دفاع میں لڑنے سے انکار کرتا ہے؛ یا

(ج) اپنے قافلے میں بحری جہاز کو خطرے میں ڈال دیتا ہے اور بزدلی سے چھوڑ دیتا ہے؛ یا

(د) کسی بھی بحری جہازوں یا بڑی کشتیوں کو جو اس کی دیکھ بھال کے لیے سپرد کیے گئے ہوں کے لیے کسی بھی جہاز تاجر یا ماسٹر سے کسی بھی رقم یا دیگر معاوضے کا مطالبہ کرتا ہے یا لیتا ہے؛ یا

(ہ) اس کے ماسٹرز اور میرینرز کا غلط استعمال کرتا ہے تو،

اسے موت یا طویل قید کی سزا دی جائے گی، اور تاجروں، مالکان اور دیگر کو ہونے والے نقصانات کی ایسی تلافی بھی کرے گی جیسا کہ مجاز اختیار سماعت رکھنے والی دیوانی عدالت فیصلہ کرے۔"

11- آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں نئی دفعہ 63 الف کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 63 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"63 الف۔ بھتہ خوری اور بدعنوانی:۔ اس آرڈیننس کے تابع کوئی بھی شخص ریاست کے کسی بھی امور یا کسی بھی سروس امور کے حوالے سے جو اپنے لیے یا کسی بھی دیگر شخص کے لیے کسی بھی شخص سے، کوئی بھی رشوت براہ راست یا بالواسطہ طور پر بطور معاوضہ یا صلہ قبول کرتا ہے یا، حاصل کرتا ہے، یا قبول کرنے پر راضی ہوتا ہے، یا حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے جو قانونی معاوضے کے علاوہ ازیں ہو، کسی بھی فعل کو کرنے یا اس سے احتراز برتنے کے لیے، یا کسی بھی شخص کے ساتھ پسندیدگی یا ناپسندیدگی ظاہر کرنے کے مقصد کے لیے ہو تو وہ طویل سزائے قید کا مستوجب ہوگا۔"

12۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعات 66 الف اور 66 ب کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 66 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات کو، شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

66 الف۔ بلا اجازت انکشاف کرنا:۔ (1) اگر کوئی بھی شخص، جو اس آرڈیننس کے تابع ہو یا رہ چکا ہو، سرکاری حیثیت میں حاصل کردہ، کوئی بھی معلومات افشاء کرتا ہے یا اسے افشاء کرنے کا سبب بنتا ہے، جو پاکستان کی یا پاکستان کی مسلح افواج کی سلامتی اور مفاد کے لیے نقصان دہ ہو یا ہو سکتی ہو تو جرم کا مرتکب ہوگا، اور اس آرڈیننس کے تحت تشکیل کردہ عدالت کی جانب سے سزا یابی پر ایسی مدت کے لیے قید سخت کی سزا دی جائے گی جو پانچ سال تک ہو سکتی ہے۔

(2) چیف آف نیوی اسٹاف، یا اس کی جانب سے باضابطہ طور پر بااختیار کسی بھی افسر سے پیشگی منظوری لینے کے بعد مقررہ طریقہ کار میں، کیا گیا کوئی بھی انکشاف ذیلی دفعہ (1) کے تحت بلا اجازت انکشاف نہیں سمجھا جائے گا۔

(3) ذیلی دفعہ (1) کی خلاف ورزی میں افشاء کی گئی معلومات، اگر پاکستان یا پاکستان کی مسلح افواج کی سلامتی اور مفاد کے لیے نقصان دہ ہو تو، راز ہائے سرکاری ایکٹ، 1923 (19 بابت 1923) کے ساتھ پڑھتے ہوئے، اس آرڈیننس کی دفعہ 78 کے تحت نمٹا جائے گا۔

"66 ب۔ سیاسی سرگرمی:۔ (1) کوئی بھی شخص، جو اس آرڈیننس کے تابع ہو یا رہ چکا ہو، ملازمت سے اپنی ریٹائرمنٹ، بے باقی، استعفیٰ، برخاستگی، برطرفی یا موقوفی کی تاریخ سے دو سال کی مدت کے اندر کسی بھی قسم کی سیاسی سرگرمی میں شامل نہیں ہوگا۔

(2) جو کوئی اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (1) کی خلاف ورزی کرتا ہے تو، اس آرڈیننس کے تحت تشکیل کردہ عدالت کی جانب سے سزا یابی پر، ایسی مدت کے لیے قید سخت کی سزا دی جائے گی جو دو سال تک ہو سکتی ہے"۔

13۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعہ 69 الف کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 69 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"69 الف۔ دھوکہ دہی پر مبنی اندراج:۔ اس آرڈیننس کے تابع کوئی بھی شخص جو حسب ذیل جرائم میں کسی کا ارتکاب کرتا ہے، جیسا کہ کہہ سکتے ہیں،۔

(الف) نیوی سے باقاعدہ برخاستگی حاصل کیے یا بصورت دیگر ان شرائط کو پورا کیے بغیر جو اسے اندراج یا داخل ہونے کے قابل بناتا ہے، خود کو اندراج کرتا ہے، یا مذکورہ فورس یا پاکستان

کی فوجی یا فضائی افواج کے کسی حصے میں شامل ہوتا ہے؛ یا

(ب) کسی بھی شخص کی فورس کے کسی بھی حصے میں اندراج سے متعلق ہو، جب وہ جانتا ہے یا اس شخص کے پاس یہ یقین کرنے کی وجہ ہے کہ اس طرح کے حالات میں اندراج کے ذریعے، وہ اس آرڈیننس کے خلاف جرم کا ارتکاب کرتا ہے اور مختصر قید بھگتنے کا مستوجب ہوگا۔"

14۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعات 75 الف اور 75 ب کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ 75 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"75 الف۔ الیکٹرانک جرائم:۔ کوئی شخص جو اس آرڈیننس کے تابع ہو یا رہ چکا ہو، پاکستان کی مسلح افواج کو کمزور کرنے، تضحیک کرنے یا رسواء کرنے کے لیے مذموم ارادے کے ساتھ، الیکٹرانک جرائم کے تدراک کے ایکٹ، 2016 (ایکٹ 40 بابت 2016) یا متعلقہ الیکٹرانک، ڈیجیٹل، سوشل میڈیا کے قوانین کے تحت جرم کا ارتکاب کرتا ہے تو، اس آرڈیننس کے تحت کارروائی کی جا سکے گی اور اس آرڈیننس کے تحت تشکیل کردہ عدالت کی جانب سے سزایابی پر، انہیں سزاؤں کے ساتھ مقررہ طریقہ کار میں سزا دی جائے گی جیسا کہ مذکورہ ایکٹ 40 بابت 2016 یا ایسے دیگر قوانین میں جیسی بھی صورت ہو، فراہم کی گئی ہو۔"

"75 ب۔ ہتک عزت:۔ کوئی شخص جو اس آرڈیننس کے تابع ہو یا رہ چکا ہو دوسروں کو عزیز رکھنے کے لیے پاکستان کی مسلح افواج یا اس کے کسی بھی جز کی جان بوجھ کر تضحیک کرتا ہے، رسواء کرتا ہے، نفرت پھیلاتا ہے یا بصورت دیگر نیچا دکھانے کی کوشش کرتا ہے تو اس آرڈیننس کے تحت تشکیل کردہ عدالت کی جانب سے سزایابی پر، مقررہ طریقہ کار میں، قید کی سزا دی جائے گی جو دو سال تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔"

15۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 82 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ 82 کی شق (و) میں الفاظ "فوجداری عدالت"، کو الفاظ "مجاز دائرہ اختیار کی عدالت" سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

16۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں، نئی دفعہ 94 الف کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، بعدازاں دفعہ 94، حسب ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"94 الف۔ غیر قانونی حاضری یا کسی بھی دیگر معاملے کی تحقیقات:۔ تحقیقاتی بورڈ کو مقررہ طریقہ کار میں قائم کیا جائے گا جو غیر قانونی غیر حاضری یا کسی بھی معاملے کی جو اس کو ارسال کیا جائے کی تحقیقات کرے گا۔"

17۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 95 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 95 کی ذیلی دفعہ (1) کی

شق (ج) میں لفظ سمری'' کو لفظ ''فیلڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

18۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 98 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 98 کی ذیلی دفعات (1) کی (2) میں لفظ ''سمری'' جہاں کہیں آئے، لفظ ''فیلڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

19۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 99 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 99 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (ج) میں لفظ ''سمری'' کو لفظ ''فیلڈ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

20۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 101 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 101 میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (1) میں الفاظ ''صدر یا جج ایڈوکیٹ'' حذف کر دیے جائیں گے اور لفظ ''نہیں'' لفظ ''کرے گا'' سے قبل اضافہ کر دیا جائے گا،

(ب) ذیلی دفعہ (2) میں، الفاظ ''صدر کے علاوہ'' حذف کر دیے جائیں گے۔

21۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 103 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 103 کی ذیلی دفعہ (1) میں لفظ ''لیفٹیننٹ'' کے بعد لفظ ''کمانڈر'' شامل کر دیا جائے گا۔

22۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی، دفعہ 105 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 105 میں،۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (2) میں، عبارت ''دفعہ 63'' کے بعد عبارت ''یا دفعہ 78'' شامل کر دی جائے گی؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (4) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(5) ذیلی دفعہ (3) میں شامل کسی امر کے باوجود، تین سال کی مذکورہ مدت کے شمار میں، کسی بھی وقت کو ختم کر دیا جائے گا جس کے دوران

(الف) ارتکاب جرم کا جرم سے متاثرہ شخص یا آغاز کارروائی کرنے والی اتھارٹی کو معلوم نہ تھا؛

(ب) یہ معلوم نہ تھا کہ ارتکاب جرم کس نے کیا تھا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں کسی جرم کے ضمن میں استغاثے کے عمل کو کسی بھی عدالت کے حکم امتناع یا حکم سے روک دیا گیا ہو تو، حکم امتناعی یا حکم کے جاری رہنے کی مدت کو نکال دیا جائے گا۔

23۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی دفعہ 108 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 108 کی ذیلی دفعہ (1) کے، آخر میں ختمے کو، رابطے سے تبدیل کر دیا جائے گا اور بعد ازاں حسب ذیل فقرہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے

گا، یعنی:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ جہاں کورٹ مارشل کے فیصلے اور سزا کی توثیق نہ ہوئی ہو تو، توثیق کنندہ اتھارٹی ایسے شخص کے خلاف دوبارہ مقدمہ چلانے کا حکم دے سکے گی۔''

24۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں نئی دفعہ 153 الف کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، بعد ازاں دفعہ 153، حسب ذیل نئی دفعہ شامل کردی جائے گی، یعنی:۔

''153 الف۔ سزائے قید صادر کرتے وقت مدت حراست کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا:۔ جہاں بحریہ ٹربیونل کسی جرم کے الزام میں کسی ملزم کو سزائے قید صادر کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو، وہ اس مدت، اگر کوئی ہو، کو مدنظر رکھے گا، جس کے دوران مذکورہ ملزم کو ایسے جرم کے لیے تحویل میں لیا گیا تھا''۔

25۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 میں دفعات 176 الف، 176 ب اور 176 ج کی شمولیت:۔ مذکورہ آرڈیننس میں، بعد ازاں دفعہ 176، حسب ذیل نئی دفعات شامل کردی جائیں گی، یعنی:۔

176 الف۔ فوجی، سول ایوارڈز اور تمغہ جات:۔ وفاقی حکومت غیر معمولی شراکت و کارکردگی ادا کرنے، حصہ لینے یا مخصوص کامیابیوں کے لیے حاضر الخدمت اہلکاروں یا جنگ میں زخمی ہونے والے اہلکاروں یا شہداء کے خاندانوں کو جنگی، غیر جنگی، قابل ستائش خدمات کے عوض، تمغہ جات، یا کوئی اور اعزازات یا تمغہ جات عطاء کر سکے گی۔

176 ب۔ سروس ایوارڈز:۔ پاک بحریہ مقررہ طریقہ کار میں، فرائض منصبی انجام دینے والے اہلکاروں، جنگ میں زخمی ہونے والے اہلکاروں، شہداء کے اہل خانہ کو نمایاں کارکردگی، شراکت، لحاظ عہدہ مخصوص کامیابیوں کی بناء پر یا کسی دوسری صورت میں خدمات کے عوض ایوارڈز عطاء کر سکے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ پہلے سے کی گئیں ایسی تمام سرگرمیاں اس آرڈیننس کے تحت ہمیشہ سے جائز طور پر کی گئیں متصور ہوں گی۔

176 ج۔ قومی ترقی:۔ پاک بحریہ، ہدایت صادر کرنے پر یا متعلقہ حکومت کی موزوں حکام بالا (اتھارٹیز) کی رضامندی سے مقررہ طریقہ کار میں، بلاواسطہ یا بالواسطہ، منجملہ، قومی ترقی و قومی یا کلیدی مفاد کے فروغ سے متعلق سرگرمیاں انجام دے سکے گی۔

وضاحت:۔ ''متعلقہ حکومت'' سے وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت جیسی بھی صورت ہو، مراد ہے۔

26۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی دفعہ 177 کی ترمیم:۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 177 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (الف) میں لفظ ''توسیع'' کے بعد عبارت ''برقرار رکھنا'' شامل کر دی جائے گی اور عبارت ''سبکدوش کرنا'' کے بعد، عبارت ''استعفیٰ''، شامل کر دی جائے گی۔

27۔ آرڈیننس 35 مجریہ 1961 کی نئی دفعات 178 الف، 178 ب اور 178 ج کی شمولیت:۔

مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 178 کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات شامل کر دی جائیں گی، یعنی:۔

178 الف ہدایات جاری کرنے کا اختیار:۔ بحریہ فوج کا چیف وقتاً فوقتاً اس آرڈیننس اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط کے احکامات کو موثر بنانے کے لیے ہدایات وضع اور جاری کر سکے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ ایسی تمام ہدایات جو وضع اور جاری کی جا چکی ہوں اس آرڈیننس کے تحت ہمیشہ سے جائز طور پر وضع اور جاری کی گئی سمجھی جائیں گی

178 ب جواز دہی:۔ پاک نیوی (ترمیم) ایکٹ، 2024 کے آغاز و نفاذ پر اور فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون میں شامل کسی بھی شئے کے باوصف تمام قواعد ضوابط ہدایات اور جاری کردہ احکامات۔

178 ج غالب اثر:۔ اس آرڈیننس کے احکامات فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دوسرے قانون، قواعد یا اور اس کے استعمال کے غرض میں وقتاً فوقتاً کی گئی کاروائیاں اس آرڈیننس کے تحت جائز طور پر جائز طور پر جاری کی گئی وضع کی گئی انجام دہی کی گئی سمجھی جائیں گی اور کسی بھی عدالت یا ٹربیونل میں کسی بھی وجہ سے جو بھی ہو زیر بحث نہیں لایا جائے گا، ضوابط میں شامل کسی بھی شئے سے متنعکس ہونے کے باوجود موثر ہونگے اور ایسا قانون قواعد یا ضوابط کسی بھی عدم مطابقت کی حد تک اثر سے ختم ہو جائیں گے۔''

28۔ آرڈیننس ۳۵ مجریہ ۱۹۶۱ء میں نیا باب ۱۹ کا اندراج: مذکورہ آرڈیننس میں باب 18 کے بعد حسب ذیل نیا باب ۱۹ دفعات 187 اور 188 کے ساتھ شامل کیا جائے گا، یعنی:۔

# ''باب 19

## فلاح و بہبود اور بحالی

''187۔ فلاح و بہبود اور بحالی:۔ پاکستان کا بحریہ اس کے حاضر سروس دیٹائرڈ یا زخمی یا دیگر ایسے اشخاص نیز شہدا کی خاندانون کی فلاح و بہبود کی اغراض کے لیے ایسے طریقہ کار میں سرگرمیان عمل میں لائے گی جیسا کہ صراحت کئے جائیں۔

مگر شرط یہ ہے کہ پہلے سے انجام دی گی تمام ایسی سرگرمیاں اس آرڈیننس کے تحت جائز طور پر کی گئی سمجھی جائیں گی۔

188۔ منسلک ہیئتوں کے ذریعے فلاح و بہبود:۔ پاکستان کی بحریہ ایسے طریقہ کار میں جیسا کہ صراحت کیا جائے اس کی منسلک ہیئتوں کے ذریعے ایسی سرگرمیاں عمل میں لائے گی جو منجملہ پاکستان کی بحریہ کے حاضر سروس اور ریٹائرڈ اشخاص، زخمی اشخاص نیز شہدا کی خاندانوں سے متعلق ہوں یا ان کے لیے آمدنی پیدا کرنے سے متعلق ہوں۔

مگر شرط یہ ہے کہ پہلے سے انجام دی گی تمام ایسی سرگرمیاں ہمیشہ سے اس آرڈیننس کے تحت جائز طور پر انجام دہی سمجھی جائیں گی۔

# بیان اغراض ووجوہ

اس بل کا مقصد پاکستان کی نیوی آرڈیننس 1961ء کے احکامات میں ترمیم کرنا ہے تا کہ نیوی کے ارتقاع اور دیکھ بھال کو ڈھانچہ جاتی استحکام دیا جاسکے، منجملہ دیگراں، اس میں کمیشن عطاء کرنے کا اختیار، ملازمت کے قیود وشرائط کا تعین کرنے، فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کو بجالانے، قومی ترقی کے ٹاسک اور دیگر آپریشنل اور ادارہ جاتی امور شامل ہیں۔ حاضر سروس اور ریٹائرڈ نیوی کے عملے کے نظم وضبط کو برقرار رکھنا اور حساس نوعیت کی معلومات کی حفاظت کرنا پاکستان نیوی آرڈیننس کی بلا روکاوٹ تعمیل کے لیے اصل قانون اور طریقہ کار میں ترامیم متعارف کروائی جائیں، حاضر سروس اور ریٹائرڈ نیوی کے عملے، زخمی عملے نیز شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود اور بحالی سپاہ اور ان کے اہل خانہ کی جرات کو بڑھاوٗ دینے کے لیے ایک کلیدی عنصر ہے۔ سپاہ ان کے اہل خانہ اور شہداء کی فلاح و بہبود اور بحالی کا پہلو نیوی کے ضوابط میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد اعلیٰ عدالتوں کے مختلف آبزرویشنز اور فیصلوں کی تعمیل کہ کوئی بھی کام یا پالیسی مسلح افواج کے اصل قانون، جو کہ اس معاملے میں پاکستان نیوی آرڈیننس 1961 ہے سے اخذ کردہ ہوں۔

بل مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے وضع کیا گیا ہے۔

(خواجہ محمد آصف)

وفاقی وزیر دفاع